www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

10 فروری 1991ء

منجانب: جاوید صاحب   بنام: اُم عبدالرب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

عنایت نامہ ملا۔ میں پوری طرح مطمئن ہوں کہ میں نے اپنا موقف، اپنے فہم کے مطابق، پوری وضاحت کے ساتھ بیان کردیا ہے۔ آپ کی تشفی نہیں ہوئی، اسے میری کوتاہی پر محمول کیجئے اور اس سے زیادہ کسی بحث و مباحثہ سے معذور سمجھئے۔

○ تبصرہ: قارئین نے ملاحظہ فرمایا کہ اساسی سوال (کیا حدیث و سنت وحی الٰہی ہے) ابھی تک باقی ہے۔ اس سے بار بار اصرار کے باوجود گریز کیا جارہا ہے لیکن حجیت حدیث اور اصطلاحات کی بلاوجہ بحث شروع کرکے چور دروازے کھولے جارہے ہیں، جیساکہ محترمہ اُم عبدالرب کے آخری خط میں اشارہ بھی کردیا گیا لیکن اصل نکتہ کا جواب دیئے بغیر گفتگو ختم کردی گئی۔

اسی غرض سے یہ خط وکتابت شائع کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔

پاکستان میں پہلی بار —— مجلس تحقیق اسلامی کے زیر اہتمام

اسلامی علم و تحقیق کو جدید سائنس سے مربوط کرنے کی طرف اہم قدم!!

اسلامک کمپیوٹنگ ریسرچ سنٹر

کمپیوٹر سے اسلامی تعلیم و تحقیق میں فائدہ اٹھانے کا وسیع منصوبہ

جس میں مدارس دینیہ کے اعلیٰ تعلیم یافتہ طلبہ کو ایک سال کے دورانیہ پر مشتمل، بھرپور انداز میں اس طریق پر تربیت دی جائے گی جس کی مدد سے وہ اسلامی تعلیمات، قرآن وحدیث اور فقہی علوم کو کمپیوٹر پر پیش کرسکیں الحمد للہ سنٹر کو کمپیوٹر سائنس میں پاکستان کے مایہ ناز تعلیم یافتہ حضرات اور تعلیمی اداروں کی سرپرستی حاصل ہے۔ یکم جون ۹۵ء سے کلاسیں شروع ہو جائیں گی۔

مزید تفصیلات کے لئے: حافظ حسن مدنی انچارج "اسلامک کمپیوٹنگ ریسرچ سنٹر" (فون: ۸۵۲۸۹۷)

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ